شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

یکم اگست 2025ء

پریس ریلیز

اُمتِ مسلمہ کا اتحاد وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔
پاکستان کی بقاءاور سالمیت ملک میں اسلام کے نظامِ عدلِ اجتماعی کے نفاذ سے ہی ممکن ہے۔
(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): اُمت مسلمہ کا اتحاد وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ پاکستان کی بقاءاور سالمیت ملک میں اسلام کے نظامِ عدلِ اجتماعی کے نفاذ سے ہی ممکن ہے۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہاکہ اسرائیل، امریکہ اور بھارت پر مشتمل ابلیسی اتحادِ ثلاثہ مشرقِ وسطیٰ کے کئی ممالک میں تباہی پھیلا کر اب ہمارے دروازے پر پہنچ چکا ہے۔ ایک طرف غزہ، لبنان، شام، ایران اور یمن پر انسانیت سوز جنگ مسلط کر رکھی ہے تو دوسری طرف ابراہم اکارڈز کا جھانسہ دے کر نہ صرف مسئلہ فلسطین اور حرمتِ مسجدِ اقصیٰ پر کاری وار کرنے کی کوشش کر رہا ہے بلکہ اسرائیل کے توسیعی منصوبہ گریٹر اسرائیل کی تکمیل کے لیے عرب ممالک اور پاکستان کو اپنے نشانہ پر رکھے ہوئے ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ابراہم اکارڈز کا حصّہ بننا ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل کو تسلیم کرنے کے مترادف ہوگا جس کی دینی لحاظ سے کوئی گنجائش نہیں۔ پھر یہ کہ بانیانِ پاکستان نے اسرائیل کو کبھی تسلیم نہ کرنے کی ناقابلِ ترمیم ریاستی پالیسی قیامِ پاکستان کے وقت ہی دے دی تھی۔ آج مسلمانوں کو اپنے معمولی اور وقتی مفادات کو چھوڑنا ہوگا۔ مسلکی تقسیم سے بلند ہو کر اُمتِ واحدہ کا روپ اختیار کرنا ہوگا تاکہ دشمن کو دندان شکن جواب دیا جا سکے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ پاکستان جو مسلم دنیا کی واحد ایٹمی طاقت ہے، اُسے اتحادِ اُمت کے حوالے سے قائدانہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ لیکن یہ صرف اُس وقت ممکن ہوسکے گا جب پاکستان امریکہ کی غلامی اور سود پر مبنی سرمایہ دارانہ نظام کو جڑ سے اُکھاڑ پھینکے اور نظریۂ پاکستان جو درحقیقت نظریۂ اسلام ہے اُس کی طرف پیش قدمی کی جائے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ پاکستان کو درپیش جملہ سیاسی، معاشی اور معاشرتی مسائل کے حل اور ملک و ملت کی بقاءاور سالمیت کا واحد حل یہ ہے کہ ملک میں عدلِ اجتماعی پر مبنی اسلامی نظام کا نفاذ کیا جائے تاکہ ہم دنیا میں بھی سرخرو ہوسکیں، وحدتِ اُمت کی اہم ذمہ داری بھی ادا کرسکیں اور ہمیں اُخروی کامیابی بھی نصیب ہوسکے۔ اللہ تعالیٰ حکومت اور مقتدر حلقوں کو اس کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین!

جاری کردہ
رضاءالحق
مرکزی ناظم نشرواشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: Aug 1st, 2025

Unity of the Muslim Ummah is the most urgent need of our time. Pakistan's survival and integrity depend solely on the establishment of Islam's system of collective justice. (Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was stated by Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He said that the satanic alliance of Israel, America, and India has already wreaked havoc across several Middle Eastern countries and is now knocking at our own door. On one hand, it has imposed brutal wars on Gaza, Lebanon, Syria, Iran, and Yemen. On the other hand, under the deception of the Abraham Accords, it is not only striking a fatal blow to the cause of Palestine and the sanctity of Masjid Al-Aqsa, but is also targeting Arab states and Pakistan to advance Israel's expansionist agenda of a "Greater Israel." He emphasized that becoming a part of the Abraham Accords is equivalent to recognizing the illegal Zionist state of Israel – something which has no religious justification whatsoever. He reminded that the founding fathers of Pakistan had already declared an unalterable national policy of never recognizing Israel at the time of Pakistan's creation. Today, Muslims must rise above temporary and minor interests. We must transcend sectarian divides and unite as one Ummah (Ummat-e-Wahida) in order to deliver a decisive and crushing response to our enemies. **Shujauddin Shaikh** stressed that Pakistan, being the only nuclear power in the Muslim world, must take a leadership role in fostering unity among the Ummah. However, this is only possible if Pakistan completely severs its chains of slavery to America and uproots the interest-based capitalist system. We must return to the ideology of Pakistan, which is in essence the ideology of Islam. He further stated that the only viable solution to all the political, economic, and social crises facing Pakistan – and to ensure the survival and integrity of the nation – is to implement an Islamic system based on collective justice. Only then can we earn dignity in this world, fulfill our responsibility toward unity of the Ummah, and attain success in the Hereafter. May Allah (*SWT*) grant our rulers and those in power the ability to act upon this. Ameen!

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat